2024-11-20

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں

محمدعمار

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1 جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے سخت حفاظتی بندوبست کے دوران ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

2 چار ریاستوں میں 15 اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات اور مہاراشٹر میں نانڈیڑ کے پارلیمانی حلقے کیلئے بھی ووٹنگ کا عمل جاری ہے۔

3 وزیر اعظم نریندر موودی نے ریو دا جنیرو میں جی ٹوئنٹی میں پائیدار ترقی کے ایجنڈے کیلئے بھارت کے عزم کو دہرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پیرس وعدوں کو پورا کرنے والا پہلا ملک ہے۔

4 وزیراعظم نے اینتھنی ایلبنیز کے ساتھ دوسری بھارت -آسٹریلیا سالانہ سمٹ کا انعقاد کیا۔ دونوں رہنماؤں نے جامع دفاعی شراکت داری کو مزید آگے بڑھانے کا عزم کیا۔

5 20 لاکھ سے زیادہ نئے کارکنوں نے اِس سال ستمبر کے مہینے میں ملازمین کی ریاستی بیمہ اسکیم میں اندراج کرایا۔

6 55واں بین الاقوامی فلم فیسٹول آج شام گوا میں شروع ہوگا۔

7 اور آج راجگیر میں ہاکی میں خواتین ایشائی چمپئن ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Jharkhand Maha Polls

سخت سیکیورٹی کے دوران جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے اور مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ کے لیے پولنگ جاری ہے۔ جھارکھنڈ میں 12 ض لعوں کے 38 حلقوں میں ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ پولنگ صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔ البتہ سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر نکسل سے متاثرہ 31 پولنگ مراکز پر پولنگ شام چار بجے ہی ختم ہوجائے گی۔ اِس مرحلے میں کُل 528 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ جھارکھنڈ کے چیف الیکٹورل آفیسر کے۔روی کمار نے ووٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ بغیر کسی خوف کے اپنا ووٹ ڈالیں۔

S/B K Ravi Kumar

آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کے لیے سیکیورٹی کے وسیع انتظامات کیے گئے ہیں۔ ہر بوتھ پر مرکزی نیم فوجی دستوں کے جوانوں کو تعینات کیا گیا ہے۔

مہاراشٹر میں واحد مرحلے کے اسمبلی چناؤ میں سبھی 288 سیٹوں کے لیے ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ ووٹنگ صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چھ بجے ختم ہوجائے گی۔

دو ہزار 86 آزاد امیدوار سمیت کُل چار ہزار 136 امیدوار چناؤ میدان میں ہیں۔ مہاراشٹر کے چیف الیکٹورل آفیسر S Chockalingam نے کہا ہے کہ تقریباً پانچ لاکھ پولنگ اہلکار ریاست کے ایک لاکھ 427 پولنگ مراکز کا انتظام سنبھال رہے ہیں۔

مہاراشٹر کے نانڈیر پارلیمانی حلقے کے علاوہ پنجاب، اترپردیش، کیرالہ اور اتراکھنڈ پر مشتمل چار ریاستوں کے 15 اسمبلی حلقوں کے ضمنی چناؤ کے لیے بھی ووٹ ڈالے جا رہے ہیں۔ تمام ریاستوں کے ووٹوں کی گنتی آئندہ ہفتے کے روز کی جائے گی۔x

وزیراعظم نریندر مودی نے کَل برازیل میں ریو ڈی جنیرو میں پائیدار ترقی اور توانائی کی ترسیل کے بارے میں جی ٹوئنٹی سمٹ کے تیسرے اجلاس میں شرکت کی۔ وزارت خزانہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ وزیراعظم نے پائیدار ترقی کو فروغ دینے کیلئے بھارت کی طرف سے کئے گئے اقدامات کی وضاحت کی۔ انہوں نے پہلے جی ٹوئنٹی ملک کے طور پر بھارت کی حصولیابیوں کا ذکر کیا جو اُس نے اپنے پیرس وعدوں کو پورا کرنے کے سلسلے میں کیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے 2030 تک، 500 گیگاواٹ قابل تجدید توانائی پیدا کرنے کا ایک بڑا نشانہ مقرر کیا ہے، جس میں سے 200 گیگا واٹ کا نشانہ حاصل کیا جاچکاہے۔ انہوں نے عالمی جنوب کی پائیدار ترقی کی ضرورتوں کو خاص طور پر چھوٹے جزیروں پر مشتمل ملکوں کی ترقی کو ترجیح دینے کی اپیل کی۔

انہوں نے ملکوں سے زور دے کر کہا کہ وہ عالمی جنوب سربراہ کانفرنس کی تیسری آواز کے طور پر بھارت کی طرف سے کئے گئے عالمی ترقی کے جامع اعلان کی حمایت کریں۔

تفصیل ہماری نامہ نگار سے

ریو ڈی جنیرو میں جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس میں شرکت کے بعد وزیراعظم نریندر مودی تین دن کے دورے پر گیانا پہنچ گئے ہیں۔ یہ دورہ 1968 سے اب تک کسی بھارتی وزیراعظم کا اس ملک کا پہلا دورہ ہے۔

جناب مودی جیارج ٹاؤن میں گیانا کے صدر ڈاکٹر محمد عرفان علی کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ وزیراعظم دوسری CARICOM-BHARAT سربراہ کانفرنس میں بھی شرکت کریں گے اور خطے کے ساتھ بھارت کی دیرینہ دوستی میں اضافے کیلئے CARICOM رکن ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

وزیراعظم گیانا کی پارلیمنٹ سے بھی خطاب کریں گے اور بھارتی برادری کے ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔X

برازیل کے صدر لولا دا سلوا کے ہاتھوں جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس کی صدارت، کَل جنوبی افریقہ کے صدر Cyril Ramaphosa کو سونپے جانے کے ساتھ، انیسویں جی ٹوئنٹی سربراہ کانفرنس کا اختتام ہوگیا۔

صدر لولا نے اپنے اختتامی اجلاس میں، برازیل کی صدارت کے تحت کئے گئے مختلف اقدامات کا ذکر کیا۔ یہ اقدامات ہیں: بھکمری اور غربت کی روک تھام کیلئے عالمی اتحاد کا آغاز اور ٹیکس نظام پر ایک بے مثال مباحثے کا آغاز، آب و ہوا کی تبدیلی کو وزرائے خزانہ اور مرکزی بینکوں کے ایجنڈے میں شامل کرنا نیز بایو معیشت پر پہلے کثیرملکی دستاویز کو منظوری دینا۔

عالمی حکمرانی کو مزید موثر اور نمائندہ بنانے کیلئے اصلاحی کارروائیوں کی اپیل اور ”جی ٹوئنٹی سوشل“ کے ذریعے سماج کے ساتھ مذاکرات کرنا بھی اِن اقدامات میں شامل ہیں۔

صدر لولا دا سلوا نے کہا کہ جنوبی افریقہ کی صدارت کے بعد سبھی جی ٹوئنٹی ممالک اِس گروپ کی کم سے کم ایک بار قیادت سنبھالیں گے۔

ہماری نامہ نگار نے بتایا ہے کہ برازیل میں، جی ٹوئنٹی سمٹ نے اپنی چار سالہ مدت کے آخری مرحلے سے پہلے کا مرحلہ، مکمل کرلیا ہے، جس میں جی

ٹوئنٹی قیادت، ترقی پذیر ملکوں کے پاس رہتی ہے۔ اِس سے پہلے یہ قیادت انڈونیشیا، بھارت، برازیل کے پاس رہی ہے اور اب یہ قیادت جنوبی افریقہ کے پاس رہے گی۔X

وزیراعظم نریندر مودی اور آسٹریلیا کے ان کے ہم منصب اینتھینی البینیز نے ریو ڈی جنیرو میں کَل جی ٹوئنٹی سمٹ سے الگ دوسری بھارت آسٹریلیا سالانہ سمٹ منعقد کی۔ دونوں رہنماؤں نے دفاع اور سلامتی، تجارت اور سرمایہ کاری، تعلیم، ہنرمندی، کھیل کود، خلا، موبیلٹی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات سمیت جامع دفاعی شراکت داری کو مزید تقویت دینے کے عزم کو دہرایا۔

انہوں نے قابل تجدید توانائی کے میدان میں شراکت داری شروع کئے جانے کا خیرمقدم کیا۔ جیسا کہ پہلی بھارت آسٹریلیا سالانہ سمٹ میں اتفاق رائے ہوا تھا۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے کہا کہ یہ بات چیت انتہائی سود مند رہی اور مستقبل کے شعبوں میں توجہ مرکوز رہے گی، جس سے عالمی ترقی اور دیرپائیگی کو فروغ حاصل ہوگا۔ آسٹریلیا کے وزیراعظم اینتھینی البینیز نے کہا کہ اس نئی شراکت داری سے قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں سرمایہ کاری میں دو طرح سے اضافہ ہوگا۔ یہ سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ بھارت اور آسٹریلیا قابل تجدید توانائی کی ترسیل کو آگے بڑھانے پر زیادہ کام کررہے ہیں تاکہ مضرِ صحت گیسوں کا اخراج مکمل طور پر ختم کیا جاسکے۔X

حکومت نے کہا ہے کہ اِس سال ستمبر کے مہینے میں 20 لاکھ 58 ہزار نئے کارکنوں نے، ملازمین کی ریاستی بیمہ اسکیم میں اپنا اندراج کرایا ہے۔ ملازمین

کے ریاستی بیمہ کارپوریشن ESIC کے جاری کردہ عارضی payroll اعدادوشمار کے مطابق نئے ملازمین کی تعداد میں یہ، 9 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ یہ فیصد پچھلے سال کی اِسی مدت کے مقابلے ہے۔

اعدادوشمار کے مطابق، جن ملازمین نے اندراج کرایا ہے اُن میں سے 10 لاکھ 5 ہزار یا تقریباً 49 فیصد ملازمین کی عمر 25 سال تک ہے۔ نئی قائم کی گئیں تقریباً 23 ہزار 43 کمپنیوں کو ESI اسکیم کے سماجی تحفظ کے دائرے میں لایا گیا ہے، جس سے مزید کارکنوں کے سماجی تحفظ کی یقین دہانی ہوتی ہے۔

payroll اعدادوشمار کے، صنف کی بنیاد پرکئے گئے تجزیے سے ظاہر ہوتا ہے کہ جن خواتین نے اِس اسکیم کے تحت اندراج کرایا ہے اُن کی تعداد 3 لاکھ 91 ہزار ہے اور مخنث ملازمین کی تعداد 64 ہے۔X

بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹول آج گوا میں شروع ہوگا۔ یہ فیسٹول اِس مہینے کی 28 تاریخ تک جاری رہے گا۔

گوا کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت نے فیسٹول کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے کَل ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی اسٹیڈیم کا دورہ کیا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب ساونت نے کہا کہ افتتاحی تقریب کیلئے سبھی تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے اطلاعات ونشریات کے سکریٹری سنجے جاجو نے کہا کہ اِس سال کے اِفّی میں بہت سی نئی چیزیں شامل کی گئی ہیں اور اِسے نوجوان فلم سازوں کیلئے وقف کیا گیا ہے۔

انھوں نے کہا کہ ”کَل کے تخلیقی ذہن“ پلیٹ فارم میں 100 نوجوان اپنی تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کریں گے۔ جناب جاجو نے کہا کہ اِس سال 100 ملکوں کی 400 سے زیادہ فلموں کی نمائش کی جائے گی۔

جموں کی شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی SKUAST، آج سے چار روزہ قومی زرعی سمِٹ کی میزبانی کر نے جا رہی ہے۔ اِس پہل کا مقصد کسانوں کو اپنی پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے اور عالمی سطح پر زرعی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے معلومات اور زرعی آلات سے آراستہ کرنا اور اُنھیں اعلیٰ ٹیکنالوجی کے حامل حل کو اپنانے کے قابل بنانا ہے۔

جموں و کشمیر، پنجاب، ہماچل پردیش، ہریانہ، اتراکھنڈ اور مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ سے تقریباً 15 ہزار سے زیادہ شرکاء کے اِس سمِٹ میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ یہ سمِٹ زراعت سے وابستہ کیلینڈر میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی۔

جموں کی شیرِ کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنسز اینڈ ٹیکنالوجی SKUAST، آج سے چار روزہ قومی زرعی سمِٹ کی میزبانی کر نے جا رہی ہے۔ اِس پہل کا مقصد کسانوں کو اپنی پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے اور عالمی سطح پر زرعی چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے معلومات اور زرعی آلات سے آراستہ کرنا اور اُنھیں اعلیٰ ٹیکنالوجی کے حامل حل کو اپنانے کے قابل بنانا ہے۔

جموں و کشمیر، پنجاب، ہماچل پردیش، ہریانہ، اتراکھنڈ اور مرکز کے زیر انتظام علاقے لداخ سے تقریباً 15 ہزار سے زیادہ شرکاء کے اِس سمِٹ میں شرکت کرنے کا امکان ہے۔ یہ سمِٹ زراعت سے وابستہ کیلینڈر میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہوگی۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

دلی NCR خطے میں ہوا کی کوالٹی انتہائی خراب زمرے میں بدستور برقرار ہے۔ آج صبح سات بجے ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 422 درج کیا گیا۔ آلودگی کو کنٹرول

کرنے سے معلق مرکزی بورڈ کے مطابق دلی شہر کے کچھ علاقوں میں ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 450 سے تجاوز کر گیا۔ دلی کے اشوک وہار اسٹیشن پر ہوا کی کوالٹی کا اشاریہ 457، آنند وہار میں 454، جہانگیر پوری میں 460، Mundka میں 463، روہنی میں 457، اور وزیرپور میں 460 اشاریہ درج کیا گیا۔

تلنگانہ میں حیدرآباد اور دیگر شہروں میں سردی کی شدت بڑھ گئی ہے۔ ریاست کے تمام علاقوں کو سردی نے اپنی گرفت میں لے لیا ہے۔ Sangareddy ضلعے، Nyallal اور حیدرآباد میں کم سے کم درجہئ حرارت میں دس اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس، جبکہ رام چندر پورم میں کم سے کم درجہئ حرارت 12 اعشاریہ چھ ڈگری سیلسیس کی نمایاں کمی درج کی گئی ہے۔

میڈک، عادل آباد، سدِّی پیٹ، نِرمل، کاماریڈی سمیت ریاست کے متعدد ضلعوں میں کم سے کم درجہئ حرارت میں واضح کمی آئی ہے۔ مذکورہ علاقوں میں دن کے اوقات میں کم سے کم درجہئ حرارت تقریباً 30 ڈگری سیلسیس ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ ریاست میں اگلے پانچ دنوں تک موسم کے ایسے ہی حالات رہنے کا امکان ہے۔x

بھارتی فوج نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی جانے والی مدد اور قدرتی آفات کی صورت میں راحت سے متعلق کثیرملکی سالانہ مشترکہ مشق ” Sanyukt Vimochan 2024“ کامیابی سے مکمل کرلی۔ اِس مشق کا انعقاد، گجرات کے شہر احمدآباد اور پوربندر میں پیر اور منگل کو کیا گیا۔ برّی فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دویویدی نے اِس تقریب میں شرکت کی، جس میں قدرتی آفات سے نمٹنے کی، بھارت کی تیاریوں کی نمائش کی گئی۔

اِس دوران فوجی مہارت کا ایک اہم مظاہرہ بھی کیا گیا، جس کے تحت بھارتی فوج، بھارتی بحریہ اور بھارتی فضائیہ نے، اروناچل پردیش کے، Mechuka قصبے میں ”PoorviPrahar“ مشترکہ مشق انجام دی۔

اِس مشق کا انعقاد 10سے 18 نومبر تک کیا گیا، جو مشترکہ جنگی صلاحیتوں میں ایک اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے اور اِس میں ایسٹرن تھیٹر میں فوج، بحریہ اور فضائیہ کے درمیان بے مثال تال میل کا مظاہرہ کیا گیا۔X

آندھراپردیش ریاستی سرمایہ کاری ترقی بورڈ SIPB نے اپنی پہلی میٹنگ کا انعقاد کیا۔ یہ میٹنگ کَل سکریٹریٹ میں، وزیراعلیٰ این چندرابابو نائیڈو کی قیادت میں ہوئی۔ بورڈ نے 10 صنعتوں میں سرمایہ کاری کیلئے 85 ہزار 83 کروڑ روپے کی منظوری دی۔ اُمید ہے کہ اِن پروجیکٹوں سے ریاست میں، روزگار کے 33 ہزار 966 موقعے پیدا ہوں گے۔ سب سے زیادہ سرمایہ کاری 61 ہزار 780 کروڑ روپے ہے جو ناکاپلّی کے قریب ایک اسٹیل پلانٹ کیلئے ArcelorMittal and Nippon Steel نے کی ہے، جس سے روزگار کے 21ہزار موقعے پیدا ہوں گے۔

دیگر بڑی سرمایہ کار کمپنیوں میں LG الیکٹرانکس اور Asta Green Energy Ventures شامل ہیں۔

اِس موقعے پر وزیراعلیٰ نے زور دے کر کہا ہے کہ سرمایہ کاری کی تجویزوں پر روزنہ ہی نظر رکھی جائے۔ انھوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ صنعتی پروجیکٹوں کیلئے Land pooling کا استعمال کریں اور جو لوگ اپنی زمینیں فراہم کررہے ہیں اُنہیں ہُنرمند بنایا جائے اور روزگار کے موقعے فراہم کئے جائیں۔X

روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے ایک حکم نامے پر دستخط کئے ہیں، جس کے تحت روس کے نیوکلیائی ہتھیاروں سے متعلق اصول کو تازہ شکل دی گئی ہے۔ اِس حکم کی اشاعت کریملن ویب سائٹ پر کی گئی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ کسی بھی ملک کی طرف سے، کسی فوجی اتحاد یا بلاک کے ذریعے، روس یا اُس کے اتحادیوں کے خلاف جارحیت کو، پورے بلاک یا اجتماعی طور پر جارحیت سمجھا جائے گا۔ اِس میں کہا گیا ہے کہ کسی غیر نیوکلیائی ملک کی طرف سے جارحیت، جس میں کوئی نیوکلیائی ملک ملوث ہو یا حمایت کرے، اُسے روس پر ایک مشترکہ حملہ سمجھا جائے گا۔

دستاویز کے مطابق روس، نیوکلیائی ہتھیاروں کو مزاحمت کا وسیلہ سمجھتا ہے تاکہ نیوکلیائی خطرے کو کم کیا جاسکے اور ایسی کسی بین ملکی کشیدگی کو بڑھنے سے روکا جاسکے، جس کی وجہ سے نیوکلیائی سمیت فوجی تنازعات پیدا ہونے کا امکان ہو۔ اِس تازہ ترین اصول میں مزید وضاحت کی گئی ہے کہ ممالک اور فوجی اتحاد کا مقصد نیوکلیائی مزاحمت ہے۔X

ہاکی میں بہار کے شہر راجگیر میں خواتین ایشین چیمپینز ٹرافی کے فائنل میں آج بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔ بھارت، سیمی فائنل میں جاپان کو ہراکر فائنل میں پہنچا ہے۔ اُس نے کَل سیمی فائنل مقابلے میں جاپان کو دو۔صفر سے شکست دی۔ بھارت کی طرف سے نونیت کور نے کھیل کے 48 ویں منٹ میں پنالٹی اسٹروک کو گول میں تبدیل کیا، جبکہ Lalaremsiami نے کھیل کے 56ویں منٹ میں دوسرا گول کیا۔ بھارتی ٹیم گروپ مرحلے میں اپنے تمام میچز جیت کر سیمی فائنل میں پہنچی تھی۔

چین، ملیشیا کو ہراکر فائنل میں پہنچاہے۔ اُس نے کَل اسی مقام پر پہلے سیمی فائنل میں ملیشیا کو ایک کے مقابلے تین گول سے ہرایا۔ چین نے چھ

میچوں میں سے پانچ میں جیت حاصل کی۔ ملیشیا نے دو میچ جیتے اور چار میں اُسے ہار کا سامناکرنا پڑا۔x

ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید حقانی

شکریہ - محمد عمار

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ سمیت کئی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے جی ٹوئنٹی سربراہ اجلاس میں شرکت کرنے اور مختلف ممالک کے رہنماؤں کے ساتھ اُن کی دوطرفہ ملاقات کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ ملاپ نے سرخی بنائی ہے: بھکمری اور غربت کے خلاف عالمی اتحاد کے آغاز کا اعلان۔

جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کے لیے آج ہونے والی پولنگ بھی روزنامہ پرتاپ، انقلاب، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ سمیت کئی اخباروں کی سرخی ہے۔ ملاپ کی سرخی ہے: جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں پولنگ آج، مہاراشٹر کی 288 اور جھارکھنڈ کی 38 سیٹوں پر ہوگی ووٹنگ۔

اسرو نے GSET-20کو کامیابی کے ساتھ خلا میں بھیجا۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے پہلے صفحہ پر شائع کیا ہے۔

سابق وزیراعظم اندراگاندھی کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کئے جانے کی خبر کو بھی اخباروں نے نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔X

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جھارکھنڈ اور مہاراشٹر میں اسمبلی انتخابات کیلئے سخت حفاظتی بندوبست کے دوران ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔

2 چار ریاستوں میں 15 اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات اور مہاراشٹر میں ناندیڑ کے پارلیمانی حلقے کیلئے بھی ووٹنگ کا عمل جاری ہے۔

3 وزیر اعظم نریندر موودی نے ریو دا جنیرو میں جی ٹوئنٹی میں پائیدار ترقی کے ایجنڈے کیلئے بھارت کے عزم کو دہرایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت پیرس وعدوں کو پورا کرنے والا پہلا ملک ہے۔

4 وزیراعظم نے اینتھنی ایلبنیز کے ساتھ دوسری بھارت -آسٹریلیا سالانہ سمٹ کا انعقاد کیا۔ دونوں رہنماؤں نے جامع دفاعی شراکت داری کو مزید آگے بڑھانے کا عزم کیا۔

5 20 لاکھ سے زیادہ نئے کارکنوں نے اِس سال ستمبر کے مہینے میں ملازمین کی ریاستی بیمہ اسکیم میں اندراج کرایا۔

6 55واں بین الاقوامی فلم فیسٹول آج شام گوا میں شروع ہوگا۔

7 اور آج راجگیر میں ہاکی میں خواتین ایشائی چمپئن ٹرافی کے فائنل میں بھارت کا مقابلہ چین سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------